روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 19 مئی 2006ء 20 ربیع الثانی 1427 ہجری 19 ہجرت 1385 ھش جلد 56-91 نمبر 108

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

امین اور دیانت دار بننا بہت نازک امر ہے۔ جب تک انسان تمام پہلو بجا نہ لاوے۔ امین اور دیانت دار نہیں ہوسکتا۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے نمونہ کے طور پر آیات مفصلہ ذیل میں امانت کا طریق سمجھایا ہے اور وہ طریق امانت یہ ہے.................۔

ترجمہ:۔ یعنی اگر کوئی ایسا تم میں مالدار ہو جو صحیح العقل نہ ہو مثلاً یتیم یا نابالغ ہو اور اندیشہ ہو کہ وہ اپنی حماقت سے اپنے مال کو ضائع کردے گا تو تم (بطور کورٹ آف وارڈس کے) وہ تمام مال جس پر سلسلہ تجارت اور معیشت کا چلتا ہے ان بیوقوفوں کے حوالہ مت کرو اور اس مال میں سے بقدر ضرورت ان کے کھانے اور پہننے کے لئے دے دیا کرو اور ان کو اچھی باتیں قول معروف کی کہتے رہو۔ یعنی ایسی باتیں جن سے ان کی عقل اور تمیز بڑھے اور ایک طور سے ان کے مناسب حال ان کی تربیت ہو جائے اور جاہل اور ناتجربہ کار نہ رہیں۔ اگر وہ تاجر کے بیٹے ہیں تو تجارت کے طریقے ان کو سکھلاؤ اور اگر کوئی اور پیشہ رکھتے ہوں تو اس پیشہ کے مناسب حال ان کو پختہ کردو۔ غرض ساتھ ساتھ ان کو تعلیم دیتے جاؤ اور اپنی تعلیم کا وقتاً فوقتاً امتحان بھی کرتے جاؤ کہ جو کچھ تم نے سکھلایا انہوں نے سمجھا بھی ہے یا نہیں۔ پھر جب نکاح کے لائق ہو جائیں یعنی عمر قریباً اٹھارہ برس تک پہنچ جائے اور تم دیکھو کہ ان میں اپنے مال کے انتظام کی عقل پیدا ہوگئی ہے تو ان کا مال ان کے حوالہ کرو۔ اور فضول خرچی کے طور پر ان کا مال خرچ نہ کرو۔ اور نہ اس خوف سے جلدی کر کے کہ اگر یہ بڑے ہو جائیں گے تو اپنا مال لے لیں گے۔ ان کے مال کا نقصان کرو۔ جو شخص دولتمند ہو اس کو نہیں چاہئے کہ ان کے مال میں کچھ حق الخدمت لیوے۔ لیکن ایک محتاج بطور معروف لے سکتا ہے۔

عرب میں مالی محافظوں کے لئے یہ طریق معروف تھا کہ اگر یتیموں کے کارپرداز ان کے مال میں سے لینا چاہتے تو حتی الوسع یہ قاعدہ جاری رکھتے کہ جو کچھ یتیم کے مال کو تجارت سے فائدہ ہو اس میں سے آپ بھی لیتے۔ رأس المال کو تباہ نہ کرتے۔ سو اسی عادت کی طرف اشارہ ہے کہ تم بھی ایسا کرو اور پھر فرمایا کہ جب تم یتیموں کو مال واپس کرنے لگو تو گواہوں کے روبرو ان کو ان کا مال دو اور جو شخص فوت ہونے لگے اور بچے اس کے ضعیف اور صغیر السن ہوں تو اس کو نہیں چاہئے کہ کوئی ایسی وصیت کرے کہ جس میں بچوں کی حق تلفی ہو۔ جو لوگ ایسے طور سے یتیم کا مال کھاتے ہیں جس سے یتیم پر ظلم ہو جائے تو وہ مال نہیں بلکہ آگ کھاتے ہیں اور آخر جلانے والی آگ میں ڈالے جائیں گے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 345)

امانت ادا کرو

ابوحرہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حجتہ الوداع کے موقع پر فرمایا:۔

جس شخص کے پاس کوئی امانت ہے وہ اس شخص کو ادا کردے جس نے اس کے پاس امانت رکھوائی تھی۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 2 ص 73 حدیث نمبر 19774)

طلبہ والدین اور سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

(1) جو طلباء وطالبات آئندہ زندگی میں کمپیوٹر سائنسز انجینئرنگ، میڈیکل بزنس ایڈمنسٹریشن، کامرس، لاء وغیرہ میں جانے کی خواہش رکھتے ہیں ان سے ان کے والدین اور سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ جماعت میں قائم ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اور انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز (IAAAE) کے لوکل چیپٹرز کے عہدیداران سے رابطہ کریں اور ادارہ جات، فیلڈ اور مستقبل کے حوالہ سے مواقع کے بارہ میں معلومات حاصل کریں تاکہ عمدہ Planning کی جا سکے۔ مندرجہ بالا دونوں ایسوسی ایشنز بہت فعال ہیں اور جو بھی مشورہ ان کی طرف سے دیا جائے گا۔ وہ انشاء اللہ بہت عمدہ اور برکت والا ہوگا۔

(2) میٹرک کے امتحانات کے بعد طلباء وطالبات کالج میں داخلہ کیلئے گروپس کا چناؤ کرتے ہیں اس سلسلہ میں میڈیکل کالج یا فارمیسی میں داخلہ حاصل کرنے کیلئے ایف ایس سی میں بیالوجی پڑھنا لازمی ہے اس کے علاوہ آئندہ انجینئرنگ میں داخلہ کے علاوہ مزید میدان بھی نظر میں ہوں تو زیادہ بہتر ہے کہ پری انجینئرنگ گروپ (فزکس، میتھ، کیمسٹری) کا انتخاب کیا جائے۔ F.Sc میں کمپیوٹر سائنس گروپ رکھنے والے آئندہ کمپیوٹر سائنس اور اکاؤنٹنگ میں تو جا سکتے ہیں لیکن انجینئرنگ کا رخ نہیں کر سکتے۔ اس لئے وہ طلبہ جن کے ذہن میں آئندہ زیادہ فیلڈز ہوں ان کیلئے پری انجینئرنگ گروپ اختیار کرنا زیادہ بہتر ہے۔

(باقی صفحہ 11 پر)

ربوہ کے پراپرٹی ڈیلرز کے لئے ضروری اعلان

۞ پہلے بھی اعلان کیا جا چکا ہے کہ ربوہ میں پراپرٹی ڈیلرز کا کام کرنے والے حضرات 31 مئی 2006ء تک منظوری کی تجدید کرالیں۔ 31 مئی 2006ء کے بعد منظوری کے بغیر کسی کو اس کاروبار کی اجازت نہ ہو گی۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 384

حضرت مسیح موعود سے
بیعت عام کا روح پرور منظر

حضرت حاجی محمد الدین صاحب تہالوی درویش قادیان نے جنوری 1903ء میں حضرت مسیح موعود کے دست مبارک پر بمقام جہلم بیعت کا شرف حاصل کیا اپنی زندگی کے اس اہم ترین واقعہ کا ذکر آپ ہمیشہ عاشقانہ اور والہانہ انداز میں کیا کرتے اور فرماتے تھے کہ

جہلم والی بیعت پگڑی والی بیعت کہلاتی ہے کیونکہ حضور.......... کے اس سفر میں اس قدر زیادہ لوگوں نے بیعت کی تھی کہ حضور کے ہاتھ میں ہاتھ دینے کا موقعہ تو کئی روز تک بھی ملنا ممکن نہ تھا اس لئے **بیعت کرنے والوں نے اپنی پگڑیاں اتار کر اور ایک دوسری سے گانٹھ کر لمبی پھیلا دی تھی۔ بیعت کرنے والے آتے جاتے اور پگڑیوں پر ہاتھ رکھ کر بیٹھتے جاتے تھے۔**

(''گلدستہ درویشان کے وہ پھول جو مرجھا گئے'' جلد اول صفحہ 35 مرتب چوہدری فیض احمد گجراتی مرحوم قادیان اشاعت دسمبر 1976ء)

حضرت اقدس نے جہلم میں رجوع خلائق کا نقشہ اپنے عارفانہ شعری کلام میں بھی خوب کھینچا ہے فرماتے ہیں:۔

اے ہوش و عقل والو یہ عبرت کا ہے مقام
چالاکیاں تو ہیچ ہیں۔ تقویٰ سے ہوویں کام
مومن ہی فتح پاتے ہیں انجام کار میں
ایسا ہی پاؤ گے سخن کردگار میں
کوئی بھی مفتری ہمیں دنیا میں دو دکھا
جس پر یہ فضل ہو، یہ عنایات، یہ عطا

سحر آفرینی کا ایک واقعہ

سیدنا محمود حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اپنے عہد مبارک کے دوسرے سال قادیان میں ایک مجلس علم و عرفان کے دوران صدیوں کے اس راز سربستہ کو بے نقاب فرمایا کہ متصوفین کو مسمریزم کرنے اور توجہ ڈالنے کی طرف کیوں رغبت ہوئی؟ اس تعلق میں حضور نے فرمایا۔

''انہوں نے سمجھا کہ اب .... کی روحانی حالت بالکل بگڑ چکی ہے ایسا نہ ہو کہ ہندو ہی ان پر غالب آجائیں اس لئے کم از کم بات تو بنی رہے ان کی نیت تو یہی تھی لیکن بعد میں یہ ایک واقعی آسمانی علم سمجھ لیا گیا اور آسمانی روحانیت سے دور لوگوں نے اسے اور طرز میں سمجھ لیا ایک صوفی صاحب لکھتے ہیں کہ ایک کشتی میں بہت سے ہندو سوار تھے میں نے جو توجہ ڈالی تو سب کے سب کلمہ پڑھنے لگے پھر ایک جوگی کی توجہ سے جو چپکا بیٹھا تھا ابھی کچھ دیر نہ گزری تھی کہ سب کے سب رام رام کہنے لگے حتیٰ کہ میرے منہ سے بھی رام رام نکلا۔ مادی توجہ کرنے والا چپکے بیٹھے عمل کرتا ہے **لیکن آسمانی شخص .... اس توجہ ڈالنے کا کام خدا تعالیٰ اپنے ذمہ لیتا ہے۔ چنانچہ اس کے حلقہ میں دیرپا روحانی ترقی ہوتی ہے''**

نیز فرمایا:۔

''مسمریزم اور توجہ ڈالنا روح پر اثر ڈالتا ہے مگر مادی طور پر نہ کہ آسمانی طور پر جیسا کہ افیون اور کونین فوری اثر ڈالتی ہیں لیکن اصل مرض کو نہیں کھو سکتیں کئی اپنے حلقہ میں توجہ ڈالتے ہیں تو ان کو ایک وقتی سرور ضرور حاصل ہوتا ہے لیکن ان کے اخلاق ویسے ہی رہتے ہیں توجہ تو ہندو بھی ڈال سکتے ہیں۔''

اس حقیقت کی وضاحت کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے یہ عجیب واقعہ بیان فرمایا کہ

''ایک بڑا توجہ ڈالنے والا ہندو دفتر میں ہیڈ کلرک تھا اور دارالامان کے قریب کسی بارات میں آیا تو اس نے حضرت اقدس کا ذکر سنا ہوا تھا اس لئے کہا چلو آج مرزا صاحب پر ایسی توجہ ڈالو کہ حلقہ مریدین میں ناچنا شروع کر دیں اور مجلس میں کرکری ہو جائے۔ اس خیال سے وہ چھوٹی (۔) میں جو ابھی وسیع نہ ہوئی تھی حضرت اقدس بیٹھے معارف سنا رہے تھے کہ وہ چپکا سا آکر کچھ فاصلے پر بیٹھا اور اس نے توجہ ڈالنی شروع کر دی۔ مگر حضرت صاحب اپنی باتوں میں مشغول رہے۔ اب اس نے یہ خیال کیا کہ اگر اس کو کچھ توجہ کی واقفیت ہوتی تو چپ ہو کر توجہ ڈالنی شروع کرتا اس نے توجہ ڈالی تو اس کو ایسا معلوم ہوا کہ میری جان نکلنے لگی ہے۔ پھر چھوڑ دیا۔ اور سمجھا کہ یہ کوئی بڑا اعلیٰ دماغ ہے کہ اس پر اثر نہیں ہوتا۔ ذرا اور بڑھ کر توجہ ڈالی جائے۔ پھر بھی توجہ ڈالنے سے اس پر وہی حالت ہوئی پھر تیسری دفعہ جو شروع کیا تو کیا دیکھتا ہے کہ حضرت .... کے دونوں شانوں کے پاس دو شیر (ایک دائیں اور ایک بائیں) ہیں اور ابھی مجھ پر حملہ کیا چاہتے ہیں تو فوراً جوتیاں ہاتھ میں لے بھاگا۔ بٹالہ ہی جا آرام لیا اور پھر لاہور پہنچا وہاں سے اس نے یہ واقعہ لکھ کر بھیجا اور پھر حضرت پر وہ مہاتما کہا کرتا اور خط و کتاب رکھتا حضرت بھی اسے کتابیں بھیجا کرتے کبھی اسے کوئی کتاب نہ پہنچتی اور اسے پتہ لگتا تو لکھتا کہ حضرت آپ اپنے مرید کو بھول گئے۔

(الحکم قادیان 14 مئی 1915ء صفحہ 4)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم منظور احمد صاحب نائب ناظم نومبائعین ضلع راولپنڈی تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے خاکسار کے بڑے بیٹے مکرم فردوس احمد صاحب مقیم آسٹن امریکہ کو مورخہ 24/ اپریل 2006ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضور انور نے از راہ شفقت نومولودہ کا نام دانیہ عفت عطا فرمایا ہے بچی وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے اور مکرم ملک محمد الطاف صاحب امریکہ کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے نومولودہ کے نیک خادمہ دین اور والدین کے لئے قرۃ العین ہونے کی درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

مکرم عبدالحمید طاہر صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ صاحبہ کافی عرصہ سے کمی خون و دیگر مختلف شدید عوارض میں مبتلا ہیں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفائے کاملہ عطا فرمائے۔

مکرم چوہدری خدابخش عابد صاحب زعیم انصار اللہ ہانڈو گوجرہ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم امجد پرویز عابد صاحب انجینئر پی۔ ٹی۔ وی کا ایکسیڈنٹ 3 مئی 2006ء کو ہوا۔ گھٹنے پر ضرب کے علاوہ ٹانگ کی نچلی ہڈی میں فریکچر ہوا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ان کو جلد از جلد صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم لقمان بشیر صاحب دارالعلوم غربی حلقہ صادق تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو ایک ہفتے سے سخت بخار ہے۔ جس کی وجہ سے کمزوری بہت زیادہ ہے۔ نیز خاکسار کے والد مکرم محمد بشیر صاحب سابقہ چونگی محرر بھی آجکل بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ہم دونوں کو کامل شفاء عطا فرمائے۔

گمشدہ موبائل

مکرم آصف ادریس صاحب 10/11 دارالصدر غربی قمر تحریر کرتے ہیں کہ ان کا موبائل فون (D 500- samsung) بیت اقصیٰ کے قریب گم ہو گیا ہے جن صاحب کو ملے انہیں پہنچا کر ممنون فرمائیں۔

تبدیلی نام

مکرمہ رفعت طور صاحبہ سکنہ باب الابواب ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ انہوں نے اپنا نام رفعت جہ سے بدل کر رفعت طور رکھ لیا ہے آئندہ انہیں اسی نام سے لکھا اور پکارا جائے۔

سانحہ ارتحال

مکرم نصیر احمد زاہد صاحب صدر جماعت احمدیہ نبی سرروڈ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب جٹ ولد مکرم ماسٹر محمد شریف صاحب (مرحوم) ساکن کنری ضلع میرپور خاص 57 سال کی عمر میں مورخہ 11/ اپریل 2006ء کو دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ اسی روز مکرم حافظ عبدالرحمٰن صاحب مربی ضلع میرپور خاص نے دارالحمد کنری میں بعد نماز عصر ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ نماز جنازہ میں احمدیوں کے علاوہ کثیر تعداد میں غیر از جماعت احباب نے بھی شرکت کی۔ اور تدفین کے بعد مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر ضلع میرپور خاص نے دعا کروائی۔ مرحوم بہت ساری خوبیوں کے مالک تھے۔ ملنسار، ہمدردی، ذی اثر ہر دلعزیز تھے۔ اور نبی سرروڈ میں ان کو احمدیوں کے علاوہ غیر از جماعت بھی عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ دو بیٹیاں ہیں۔ بڑی بیٹی مکرم سہیل احمد شہزاد صاحب مربی سلسلہ گاڑی کھاتے حیدرآباد کی اہلیہ ہیں۔ چھوٹی بیٹی غیر شادی شدہ اور زیر تعلیم ہے۔ موصوف خاکسار کے بڑے بھائی تھے۔ دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند کرے اور سب لواحقین کو خدا تعالیٰ صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

ولادت

مکرم احمد خان منگلا صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی مکرمہ مبارکہ وسیم صاحبہ اہلیہ مکرم ولایت خان منگلا صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے 11 مارچ 2006ء کو دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ حضور انور نے از راہ شفقت نومولود کا نام کاشف احمد عطا فرمایا ہے۔ نومولد مکرم عبدالقدیر منگلا صاحب چک منگلا ضلع سرگودھا کا پوتا ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک خادم بنائے۔

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

مکرم شفیق احمد گھمن صاحب نمائندہ مینیجر الفضل توسیع اشاعت الفضل، چندہ، بقایا جات کی وصولی اور الفضل میں اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں اندرون سندھ میرپور خاص حیدرآباد کے دورہ پر ہیں تمام احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ فجی (13)

مختلف مجالس عاملہ کو ہدایات، جزائر فجی کا دورہ اور سکول کے ایک بلاک کی افتتاحی تقریب

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

30 اپریل 2006ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت فضل عمر صووا میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔

مجلس عاملہ انصاراللہ کو ہدایات

پروگرام کے مطابق ساڑھے دس بجے نیشنل مجلس عاملہ انصاراللہ فجی کی میٹنگ حضور انور کے ساتھ بیت فضل عمر صووا میں شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے باری باری تمام قائدین سے ان کے کام کی رپورٹ طلب فرمائی اور جائزہ لیا اور ہدایات سے نوازا۔

قائد عمومی سے حضور انور نے مجالس کے بارہ میں دریافت فرمایا اور جماعت اور مجلس کا فرق سمجھایا۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی جن دو تین جگہوں پر انصار موجود ہیں وہاں بھی اپنی مجلس قائم کریں۔ حضور انور نے فرمایا انصاراللہ کی ذیلی تنظیم کو کسی جگہ اپنی مجلس قائم کرنے کے لئے وہاں جماعت کا قائم ہونا ضروری نہیں ہے۔ اگر کسی علاقہ میں جماعت قائم نہیں اور آپ اپنی مجلس قائم کرنا چاہتے ہیں تو کر سکتے ہیں۔ اسی طرح اگر کسی علاقہ میں ایک جماعت ہے تو آپ اپنی سہولت کے لئے اس ایک جماعت میں دو تین یا زائد مجالس حسب ضرورت قائم کر سکتے ہیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ جو مجالس آپ کو رپورٹ بھجوانے میں فعال (Active) نہیں ہیں۔ ان کو بار بار یاد دہانی کروائیں اور Active کریں۔

حضور انور نے صدر مجلس انصاراللہ کو ہدایت فرمائی کہ جب صدر مجلس انصاراللہ کو اپنی منظوری حاصل ہوتی ہے تو اسے جلد مجلس عاملہ نامزد کر کے منظوری حاصل کرنی چاہئے اور مجالس میں زعماء کا انتخاب کر کے اس کی منظوری صدر مجلس کو خود دینی چاہئے۔ حضور انور نے ایک معاملہ کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ کسی بھی مجلس کا زعیم نیشنل مجلس عاملہ انصاراللہ کا ممبر نہیں ہوتا۔

حضور انور نے فرمایا جب تک نئے زعیم اور اس کی عاملہ چارج نہ لے تو پہلے زعیم اور اس کی عاملہ کام کرتی رہتی ہے۔ اس طرح کہیں بھی کام میں روک نہیں آتی اور خلاء پیدا نہیں ہوتا۔

حضور انور نے قائد عمومی کو ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ یہ آپ کی ڈیوٹی ہے کہ ہر ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور صدر مجلس کے دستخط کروا کر مجھے بھجوائیں۔ اگر کوئی کام نہیں ہوا تو رپورٹ میں یہ ذکر ہونا چاہئے کہ کوئی کام نہیں ہوا۔ رپورٹ بہرحال آنی چاہئے۔

نائب صدر صف دوم سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ صف دوم کے انصار کے لئے کیا پروگرام بنایا ہے۔ حضور انور نے فرمایا اگر کام کرنے کا ارادہ ہو تو انسان خود رستے نکالتا ہے۔ تمام مصروفیات اور کام ہونے کے باوجود یہ ارادہ ہوتا ہے کہ میں نے جماعت کے لئے کام کرنا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ صف دوم کے انصار کو فعال (Active) رکھنے کے لئے ان کے پروگرام بنائیں۔ سیر کے پروگرام ہوں، سائیکل چلائیں اور کھیلوں کے پروگرام ہوں۔

حضور انور نے مجلس عاملہ کے تمام قائدین کو ہدایت فرمائی کہ سارے قائدین اپنی اپنی سکیم بنائیں۔ پھر یہ سکیم مجلس عاملہ سے منظور ہو۔ اس کے بعد ہر قائد اپنی سکیم پر عملدرآمد کروائے۔ یہ اس کی ذمہ داری ہے۔

قائد ذہانت وصحت جسمانی کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اپنی سکیم بنا کر مجلس عاملہ میں ڈسکس کریں اور کام کریں۔

قائد تعلیم کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ جن انصار کو قرآن کریم کا ترجمہ نہیں آتا ان کو قرآن مجید کا ترجمہ سکھائیں۔ نماز سکھائیں، نماز کا ترجمہ سکھائیں۔ دعائیں سکھائیں، احادیث سکھائیں۔ حضرت مسیح موعود کی کوئی کتاب پڑھنے کے لئے دیں اور سال کے آخر پر اس کا امتحان لیں۔ انصار بے شک کتاب دیکھ کر امتحان دیں۔

حضور انور نے فرمایا انصار کو جماعت کی بنیادی تعلیم کا پتہ ہونا چاہئے۔ کئی لوگوں کو جماعت کی بنیادی تعلیم کا علم ہی نہیں ہے۔

حضور انور نے فرمایا مجالس سے صدر مجلس، قائد عمومی اور ہر قائد کا رابطہ رہنا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ قائد تعلیم کا یہ کام ہے کہ وہ جائزہ لے کہ انصار کو نماز آتی ہے یا نہیں۔ کتنوں نے نماز یا اس کا ترجمہ یاد کر لیا ہے۔ کتنے روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں۔ کتنے انصار ایسے ہیں جو اپنے گھروں سے بچوں کو نماز کے لئے لاتے ہیں اور ان کے بچے قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں اور وہ باقاعدہ اس معاملہ میں اپنے بچوں کی نگرانی کرتے ہیں اور اپنے بچوں کا خیال رکھتے ہیں کہ وہ باہر پھر کر اپنا وقت ضائع تو نہیں کر رہے۔ اپنے سکول کی پڑھائی کر رہے ہیں اور دینی تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ بچوں کی نگرانی کرنا بھی باپ کا کام ہے۔

قائد مال سے حضور انور نے ان کے بجٹ کے بارہ میں دریافت فرمایا اور انصار کی آمد اور فی کس چندہ کے معیار کے بارہ میں دریافت فرمایا اور ہدایت فرمائی کہ آپ کے چندہ میں جو مرکز کا حصہ ہے وہ باقاعدہ مرکزی ریزروفنڈ میں جمع ہونا چاہئے۔

قائد تجنید سے حضور انور نے انصار کی تعداد کے بارہ میں دریافت فرمایا اور فرمایا کیا آپ کی جو تجنید ہے آپ اس سے مطمئن ہیں۔

قائد دعوت الی اللہ کے پروگراموں کا حضور انور نے تفصیل سے جائزہ لیا اور ہدایت فرمائی کہ اپنے ساتھ کوئی اسسٹنٹ لگائیں۔ دعوت الی اللہ نہیں ہو رہی۔ آپ کو تو سارا آئی لینڈ احمدی کر لینا چاہئے۔ دعوت الی اللہ کے لئے رابطے کریں، ذاتی تعلقات بڑھائیں۔ ہر مذہب کو اس کے مطابق لٹریچر دیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ نئے احمدی بہت کم ہوئے ہیں۔ پرانے احمدیوں کے بچے آگے بڑھے ہیں۔ آپ نئے احمدی بھی بنائیں۔

حضور انور نے فرمایا آپ نے دعوت الی اللہ کے لئے جو لٹریچر تیار کیا ہے وہ لوگوں تک بھی پہنچنا چاہئے۔ پھر اس کا تتبع (Follow Up) ہونا چاہئے۔ چھوڑنا نہیں چاہئے۔ اگر Follow Up نہیں کریں گے، رابطہ (Contact) نہیں کریں گے تو آپ کو کیا پتہ کس کے دل میں کیا تبدیلی پیدا ہوئی ہے۔ ایک ٹیم بنائیں جو کام کرنے والی ہو۔ فرمایا آپ نے جو سکیم بنائی ہے وہ اچھی ہے۔ اب مسلسل رابطہ اور تعلق قائم رکھنے کی ضرورت ہے۔ فرمایا جس کام کا Follow Up نہ ہو، فیڈ بیک نہ ہو اس کا نتیجہ نہیں نکلتا۔

نیشنل مجلس عاملہ انصاراللہ کے ساتھ یہ میٹنگ گیارہ بجے تک جاری رہی۔ میٹنگ کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مجلس عاملہ انصاراللہ کے ممبران کو ازراہ شفقت قلم عطا فرمائے اور مجلس عاملہ نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت بھی حاصل کی۔

مجلس عاملہ لجنہ کو ہدایات

مجلس عاملہ انصاراللہ کی میٹنگ کے بعد لجنہ ہال میں نیشنل مجلس عاملہ لجنہ اماء اللہ فجی کی میٹنگ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

حضور انور نے عاملہ لجنہ کی تمام ممبرات سے باری باری ان کے شعبوں کا تعارف حاصل کیا اور ان کے کام کا جائزہ لیا اور آئندہ کے پروگراموں اور لائحہ عمل کے بارہ میں ہدایت سے نوازا۔

نیشنل مجلس عاملہ لجنہ اماء اللہ کی یہ میٹنگ بارہ بجکر پینتیس منٹ تک جاری رہی۔

مجلس عاملہ خدام کو ہدایات

پروگرام کے مطابق اس کے بعد نیشنل مجلس عاملہ مجلس خدام الاحمدیہ کی میٹنگ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ بیت فضل عمر صووا میں شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ حضور انور نے تمام مہتممین سے ان کے کام کا جائزہ لیا اور ساتھ ساتھ ان کی رہنمائی فرمائی اور ہدایات سے نوازا۔

معتمد سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کی مجالس کتنی ہیں اور کتنی مجالس آپ کو باقاعدہ رپورٹس بھجواتی ہیں۔ جو نہیں بھجواتیں ان کے بارہ میں آپ نے کیا کارروائی کی ہے۔ حضور انور نے فرمایا آپ کی ماہانہ رپورٹ باقاعدگی کے ساتھ مرکز کو ہر ماہ آنی چاہئے۔ خواہ کام ہو یا نہ ہو رپورٹ باقاعدہ بھجوایا کریں اور اپنی مجالس سے بھی باقاعدہ رپورٹ لیا کریں۔

مہتمم اشاعت سے حضور انور نے فرمایا اگر آپ کا اپنا رسالہ نہیں ہے تو کیا جماعتی رسالہ میں آپ کا خدام سیکشن ہے۔ فرمایا رسالہ میں خدام کی طرف سے آرٹیکل شائع ہونے چاہئیں۔

مہتمم صحت جسمانی سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ خدام کے کھیلوں کا کیا انتظام ہے۔ Indoor گیم کا کیا انتظام ہے۔ فرمایا ہر مجلس میں خدام کے لئے کھیلوں کا انتظام ہونا چاہئے اور آپ اپنے سیکرٹری صحت جسمانی سے ہر مجلس کی رپورٹ لیا کریں۔

مہتمم وقار عمل نے اپنے وقار عمل کے پروگراموں کی رپورٹ پیش کی۔ فرمایا جہاں جماعتی جائیدادیں ہیں وہاں وقار عمل کیا کریں۔ مہتمم خدمت خلق سے حضور انور نے فرمایا جو خدام اچھی صحت والے ہیں انہیں اپنا خون دینے والی ٹیم میں شامل کریں اور احمدیہ یوتھ آرگنائزیشن کے نام پر گورنمنٹ کے ہسپتالوں میں رجسٹرڈ کروائیں اور جب ان کو ضرورت ہو وہ آپ کو بلا لیں۔ اس طرح ان لوگوں کو علم ہوگا کہ جماعت یہ خدمت کر رہی ہے۔ فرمایا بیس پچیس خدام رجسٹرڈ کروالیں، خدمت خلق بھی ہوگی اور دعوت الی اللہ کا کام بھی ہو جائے گا۔ فرمایا باقاعدہ بلڈ بینک کے لئے اپنی رجسٹریشن کروائیں۔

حضور انور نے فرمایا خدمت خلق کے تحت ہسپتالوں میں وزٹ کریں اور غریبوں کی ضروریات پوری کریں۔ عید وغیرہ کے موقع پر فنڈ اکٹھا کیا کریں اور غریبوں کو دیا کریں۔

Old People's Home میں جا کر بوڑھوں کا حال وغیرہ پوچھ لیا کریں۔ ساتھ پھل وغیرہ لے جایا کریں اس سے اچھے رابطے بھی بن جائیں گے۔

حضور انور نے فرمایا ریموٹ ایریا میں میڈیکل کیمپ لگائیں۔ مریضوں کو دیکھیں اور خدمت کریں۔

مہتمم مال سے حضور انور نے خدام کے بجٹ اور فی کس چندہ کے معیار کا جائزہ لیا اجتماع کے چندہ کا بھی جائزہ لیا اور دریافت فرمایا کہ کیا اجتماع کے اخراجات کا باقاعدہ بجٹ بناتے ہیں۔ فرمایا آپ کے اخراجات کا باقاعدہ بجٹ بننا چاہئے۔ مرکز کا حصہ مرکزی فنڈ میں جمع کروانے کے بارہ میں بھی حضور انور نے دریافت فرمایا۔

مہتمم تجنید سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کیا یہ تسلی بخش ہے۔ آپ نے کن مجالس کا دورہ کیا ہے۔ حضور انور نے مہتمم تجنید کو ہدایت فرمائی کہ خود دورہ کریں اور جائزہ لیں۔

مہتمم اطفال سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ ان کے لئے آپ نے کیا پروگرام بنایا ہے۔ مہتمم اطفال نے بتایا کہ لجنہ اطفال کی بھی کلاسز لیتی ہے۔ اس پر حضور انور نے فرمایا کہ لجنہ کیوں لیتی ہیں۔ آپ اپنی کلاسز لیا کریں اور ہر ماہ اپنی ریگولر رپورٹ بھجوایا کریں۔ لجنہ اور ناصرات کا اپنا کام ہے۔ آپ کا اپنا کام ہے۔ حضور انور نے فرمایا یہ سب شعبے اس لئے بنائے گئے ہیں کہ ہر ایک میں آگے بڑھنے کی روح پیدا ہو۔

حضور انور نے فرمایا خدام کے اپنے کام ہیں اپنے پروگرام بنائیں اور کلاسیں لیں۔ آپ مہتمم اطفال ہیں آپ کو اطفال کی کلاسز کا انتظام کرنا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا اطفال کے لئے مربی بھی ہونا چاہئے۔ آپ کا یہ مربی انصار میں سے ہونا چاہئے۔ حضور انور نے اطفال کے چندہ کے بارہ میں بھی دریافت فرمایا۔

مہتمم دعوت الی اللہ سے حضور انور نے گزشتہ سالوں کی بیعتوں کے بارہ میں دریافت فرمایا اور فرمایا آپ کے پاس سارا ریکارڈ ہونا چاہئے۔ فرمایا اپنا ریکارڈ مکمل کریں۔ سب سے آپ کے رابطے ہونے چاہئیں۔ جو خدام نومبائعین ہیں ان سب سے آپ کا مستقل رابطہ ہو ان کو اپنے نظام کا حصہ بنائیں۔

مہتمم تعلیم سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ نے کیا نصاب بنایا ہے مہتمم تعلیم نے بتایا کہ ہم نے اپنے نصاب میں قرآن کریم کی آیات، احادیث اور حضرت مسیح موعود کے اقتباسات رکھے ہیں جن کا ہم امتحان لیں گے۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ کتاب ''کامیابی کی راہیں'' بھی منگوائیں۔ انگریزی کی ٹرانسلیشن ہوئی ہے وہ منگوائیں۔

مہتمم تربیت سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کتنے خدام نمازیں پڑھتے ہیں۔ کتنے خدام باجماعت نماز ادا کرتے ہیں۔ کتنے قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں۔ آپ کو اس کا پتہ ہونا چاہئے۔ جو نہیں پڑھتے ان کو پیار سے آرام سے سمجھائیں اور تربیت کا کام مکمل کریں، خدام کی تربیت کا کام آپ مکمل کرلیں گے تو آئندہ جنریشن پکی احمدی ہوگی۔

دعوت الی اللہ کے تعلق میں ہدایات دیتے ہوئے حضور انور نے مزید فرمایا کہ دعوت الی اللہ کے لئے ذاتی رابطے کریں اور وہاں دعوت الی اللہ کریں جہاں دین کی طرف زیادہ رجحان ہوتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا دعوت الی اللہ کے لیے اپنے اندر تبدیلیاں پیدا کریں اور لوگوں کو آپ کے عمل سے پتہ چلے کہ آپ دوسروں سے مختلف لوگ ہیں۔ فرمایا چھوٹا سا جزیرہ ہے کام کریں اور اس کو احمدی بنائیں۔ فرمایا خدام نئے عزم اور ولولہ سے کام کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ امور طلباء کا بھی شعبہ ہونا چاہئے۔ جس کے پاس طلباء کے بارہ میں سارا ریکارڈ ہو کہ کتنے طلباء ہیں، کتنے ہائی سکول میں جاتے ہیں اور پھر ڈراپ کر جاتے ہیں۔ کیوں سکول چھوڑتے ہیں، کیا وجہ ہے۔ یہ سب باتیں آپ کے علم میں ہونی چاہئیں۔ پھر جو طلباء یونیورسٹی جارہے ہیں ان کا جماعت سے تعلق، تعاون کیسا ہے یا یونیورسٹی میں جا کر جماعتی تعلق اور رابطہ کم تو نہیں ہوگیا۔

حضور انور نے فرمایا یونیورسٹی میں ہمارے جو طلباء پڑھتے ہیں۔ وہ وہاں جا کر سیمینار آرگنائز کریں۔ اس سے بھی تعلق بڑھتا ہے اور دعوت الی اللہ کے لئے راستہ کھلتا ہے۔ طلباء اپنے اپنے ڈیپارٹمنٹ میں ایسے پروگرام کر سکتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا جو سکول کے بعد یونیورسٹی نہیں جاسکتے تو کیا ان کا کوئی مالی مسئلہ ہے۔ اگر ذہین طالبعلم ہے اور مالی مسئلہ ہے تو پھر یہ مالی کمی اس کی تعلیم کی راہ میں روک نہیں ہونی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا آپ کے پاس محاسب اور تعلیم القرآن کے شعبے نہیں ہیں یہ بھی بنائیں۔ جن خدام کو پڑھنا نہیں آتا ان کی کلاسز لگائیں۔ فرمایا ان کو ابتدائی تعلیم دیں کہ احمدیت کیا ہے۔ دین حق کیا چیز ہے۔ حضرت مسیح موعود کا دعویٰ کیا ہے۔ نمازیں پڑھنی کتنی ضروری ہیں۔ قرآن پڑھنا کتنا ضروری ہے۔ اسی طرح اپنی عاملہ کا بھی جائزہ لیں۔

حضور انور نے فرمایا حضرت مسیح موعود کی وہ کتب جو ترجمہ ہوچکی ہیں خدام کو دیں۔

حضور انور نے امیر صاحب جزائر فجی کو ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ ذیلی تنظیموں کا حساب علیحدہ ہونا چاہئے۔ آپ کے جماعتی اکاؤنٹ میں ان کا چندہ بطور امانت رہے۔ ان کے اپنے چندے اور اخراجات کا حساب رکھنا ان کا اپنا کام ہے۔

حضور انور نے فرمایا جماعت کے سیکرٹری مال کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ ذیلی تنظیموں کا چندہ بھی وصول کرے۔ خدام کا سیکرٹری مال اپنا چندہ لے گا۔ اسی طرح انصار اپنا چندہ لیں گے اور لجنہ کی سیکرٹری مال اپنا چندہ وصول کرے گی۔

حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ سیکرٹریان کی سیکنڈ لائن اور تھرڈ لائن بھی تیار کرنی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا آپ کی ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں۔ آپ کی تنظیم اس لئے بنائی گئی تھی کہ آپ فعال (Active) ہوں۔ اگر سب ذیلی تنظیمیں فعال (Active) ہوجائیں۔ تو جماعت بہت ترقی کرے گی۔

حضور انور نے فرمایا سب سے پہلے عاملہ کے ممبران اپنا جائزہ لیں۔ نمازوں کی عادت ڈالیں روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرنے کی عادت ہونی چاہئے۔ اپنے اندر تبدیلی پیدا کریں اور کام کریں۔

حضور انور نے فرمایا افسر بن کر کام نہیں ہوگا بلکہ ایک مزدور بن کر کام کرنا ہوگا۔ حضور انور نے فرمایا کہ صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ اپنی مجالس کا دورہ کیا کریں۔ سال میں ہر مجلس کے تین دورے آپ کے ہونے چاہئیں۔ اگر خود نہیں جاسکتے تو اپنے نائب صدر کو بھجوایا کریں۔

نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ فجی کی یہ میٹنگ ایک بجکر پچیس منٹ پر ختم ہوئی۔ میٹنگ کے اختتام پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے عاملہ کے ممبران کو ازراہ شفقت قلم عطا فرمائے اور عاملہ کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ گروپ فوٹو بنوانے کی سعادت بھی حاصل کی۔

ایک بجکر پینتیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت فضل عمر صووا میں ظہر وعصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

بعد سہ پہر حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ پانچ بجے حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور پروگرام کے مطابق فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

ملاقاتیں

آج فجی Fiji کے ہمسایہ ممالک Tuvalu، Tonga، Kiribati اور Vanvatu سے آنے والے وفود کے علاوہ جماعت صووا (Suva) فجی کے ممبران نے بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ آج مجموعی طور پر 54 فیملیز کے 211 افراد نے ملاقات کا شرف حاصل کیا اور تصاویر بھی بنوائیں۔ آج بعض لاہوری احمدی فیملیز اور بعض غیر از جماعت دوستوں نے بھی حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ یہ ملاقاتیں رات پونے نو بجے تک جاری رہیں۔

ملاقاتوں کے بعد نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت فضل عمر صووا میں تشریف لاکر نماز مغرب وعشاء جمع کرکے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

یکم مئی 2006ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت فضل عمر صووا میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ آج پروگرام کے مطابق صووا (Suva) سے جزیرہ Vanua Levu کی جماعتوں Labasa اور Voloca کے لئے روانگی تھی۔ جزیرہ Vanua Levu فجی کا دوسرا بڑا جزیرہ ہے۔ اس جزیرہ تک پہنچنے کے لے سفر ہوائی جہاز، بحری جہاز یا بڑی کشتیوں کے ذریعہ ہوتا ہے۔

جماعت لباسہ کا دورہ

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز صبح ساڑھے نو بجے بذریعہ کار صووا (Suva) سے تیس کلومیٹر پر واقع Nausori ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوئے۔ دس بجکر دس منٹ پر ایئرپورٹ پر پہنچے۔ جماعت نے اس سفر کے لئے بیس سیٹوں پر مشتمل ایک جہاز بک کروایا تھا۔ فجی کے مختلف جزائر کے درمیان چھوٹے جہاز چلتے ہیں جو کہ سات سے بیس سیٹوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ اس سے بڑا جہاز اندرون ملک سفر کے لئے استعمال نہیں ہوتا۔

اس جہاز پر سفر کرنے والے پورے وفد کے ممبران کی تعداد 17 تھی۔ ساڑھے دس بجے جہاز لباسہ (Labasa) کے لئے روانہ ہوا۔ قریباً ایک گھنٹہ کے سفر کے بعد جہاز Labasa کے ایئرپورٹ پر اترا۔ جہاں لباسہ کی مقامی جماعت نے اپنے مربی سلسلہ مکرم طارق احمد رشید صاحب کی قیادت میں حضور انور کا استقبال کیا اور خوش آمدید کہا۔

احباب جماعت نے پُرجوش انداز میں نعرے بلند کئے اور بچیوں نے خیر مقدمی گیت پیش کئے۔ ایئرپورٹ سے Grand Eastern Hotel کے لئے روانگی ہوئی۔ مقامی جماعت نے Labasa میں قیام کے دوران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور وفد کی رہائش کا انتظام اسی ہوٹل میں کیا تھا۔ لباسہ ایئرپورٹ سے اس ہوٹل کا فاصلہ 10 کلومیٹر ہے۔ بارہ بجے کے قریب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ ہوٹل پہنچے۔ یہاں کچھ دیر قیام کے بعد ساڑھے بارہ بجے جماعت ولودا (Voloca) کے لئے روانگی ہوئی۔ لباسہ سے ولودا ٹاؤن کا فاصلہ پچپن کلومیٹر ہے۔

احمدیہ سکول کے ایک بلاک کا افتتاح

دوپہر ایک بجکر بیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ ولودا پہنچے۔ جہاں پروگرام کے مطابق احمدیہ سیکنڈری سکول ولودا (Voloca) میں ایک استقبالیہ تقریب تھی اور ہوم اکنامکس بلاک کے افتتاح کا پروگرام تھا۔

احمدیہ سیکنڈری سکول ولودا پہنچنے کے بعد سب

سے پہلے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لوائے احمدیت لہرایا اور امیر صاحب فجی نے فجی کا قومی پرچم لہرایا۔ اس کے بعد حضور انور نے نئے تعمیر ہونے والے Home Economics Block کا افتتاح فرمایا اور دعا کروائی۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سکول کے احاطہ میں جامن کا پودا لگایا۔

اس کے بعد استقبالیہ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جو مربی سلسلہ طارق احمد رشید صاحب نے کی اور اس کا انگریزی ترجمہ امیر صاحب فجی نے پیش کیا۔ اس کے بعد اس سکول کے پرنسپل خواجہ محمد لطیف صاحب نے استقبالیہ ایڈریس پیش کیا اور حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ موصوف کے سکول کے اساتذہ، طلباء، والدین اور مہمانوں اور احباب جماعت ولودا (Voloca) (جو سبھی اس موقع پر اس تقریب میں موجود تھے) کی طرف سے حضور انور کو دل کی گہرائیوں سے اس سکول میں آمد پر خوش آمدید کہا اور سکول کی مختصر تاریخ بیان کرتے ہوئے بتایا کہ اس سکول کا آغاز 2003ء میں ہوا ہے۔ اس سکول کی عمر صرف تین سال ہے۔ پہلے سال داخل ہونے والے طلباء کی تعداد 30 تھی۔ اس وقت 90 طلباء ہیں اور آئندہ سال 2007ء تک طلباء کی تعداد 130 تک پہنچ جائے گی۔ اس سکول کا اور جماعت کی بیت الذکر اور مشن ہاؤس کا کل رقبہ تقریباً تیس ایکڑ ہے۔ پرنسپل صاحب نے طلباء اور مہمانوں کے لئے حضور انور کا تعارف بھی پیش کیا اور آخر پر حضور انور کی خدمت میں سکول کی کامیابی کے لئے دعا کی درخواست کی۔

حضور انور کا خطاب

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔ تشہد و تعوذ کے بعد حضور انور نے فرمایا۔

تمام طلباء، سٹاف اور مہمانوں کو جو اس وقت میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

حضور انور نے فرمایا جیسا کہ ابھی پرنسپل صاحب نے بیان کیا ہے کہ اس سکول کی تاریخ صرف تین سال پرانی ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ خدا کے فضل سے بلڈنگ کے لحاظ سے اس سکول کے پاس کافی گنجائش موجود ہے۔ اب خدا کے فضل سے ایک ہوم اکنامکس بلاک بھی تعمیر ہو گیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا سکول کے طلباء سے میں کہوں گا کہ اس دور دراز کے جزیرہ میں، اسی چھوٹی سی جگہ میں اللہ کے فضل سے آپ کو ایک سیکنڈری سکول مہیا ہو چکا ہے۔ اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔ آپ لوگ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے اس تعلیم کی توفیق دی ہے۔ جو آپ کے والدین کو نہیں تھی اور اس وجہ سے شاید بہت سارے، آپ کے جو بڑے ہیں ماں باپ وہ تعلیم حاصل نہ کر سکے ہوں۔ پس اس نعمت سے جو آپ کو مل گئی ہے۔ فائدہ اٹھائیں اور پڑھ لکھ کر اپنی قوم کے لئے ملک کے لئے مفید وجود بن جائیں۔

حضور انور نے فرمایا یہ ہوم اکنامکس بلاک جو قائم کیا ہے۔ پرنسپل صاحب نے مجھے بتایا ہے کہ حکومت نے اس کے لئے چار سلائی مشینیں دی ہیں۔ لیکن ان کے خیال میں یہ مشینیں ناکافی ہیں۔ اس لئے میں اس سکول کے لئے، اس بلاک کے لئے ان چار کے علاوہ چھ مشینیں مزید مہیا کروں گا۔ اس کے علاوہ میں طلباء سے یہ کہتا ہوں کہ جب آپ تعلیم حاصل کریں تو کوشش کر کے اگر آپ پڑھائی میں اچھے رہیں گے تو اس سکول کو مزید آگے لے جایا جائے گا۔

حضور انور نے فرمایا جو طلباء پڑھائی میں اچھے ہوں گے لیکن وہ اپنی مالی تنگی کی وجہ سے آگے نہ پڑھ سکتے ہوں تو ہم ان کو وظیفہ دیں گے تا کہ وہ آگے پڑھ سکیں۔

حضور انور نے فرمایا میری اس پیشکش سے میرے اعلان سے فائدہ اٹھائیں اور زیادہ سے زیادہ پڑھنے کی کوشش کریں۔ یونیورسٹیوں میں داخلہ لیں تا کہ آپ زیادہ سے زیادہ ملک کی خدمت کر سکیں۔ اس میں کسی ملک یا کسی قوم کی تخصیص نہیں ہوگی بلکہ جو بھی اچھا پڑھنے والا ہے اس کو وظیفہ ملے گا۔

حضور انور نے فرمایا اب میں سکول کے اساتذہ سے کہتا ہوں کہ قوم نے آپ کے سپرد اپنے مستقبل کے بچے کئے ہیں جو مستقبل کے لیڈر ہیں۔ پس آپ اپنی ذمہ داری کو صحیح طریق سے ادا کریں اور ان بچوں کو پوری محنت سے پڑھائیں۔ کیونکہ جو ذمہ داری آپ کے سپرد کی گئی ہے وہ بہت اہم ہے اور ہر وہ آدمی جس کے سپرد کوئی ذمہ داری کی گئی ہو وہ اس بارہ میں پوچھا جائے گا۔ ہمارے نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ حاکم جو کہ سربراہ ہے یا جو کسی ذمہ داری کا نگران ہے، اس سے اس کی ذمہ داری کے بارہ میں خدا پوچھے گا۔ پس آپ کے سپرد قوم نے جو بچے کئے ہیں۔ آپ کی نگرانی میں دیئے ہیں۔ اگر ان کے بارہ میں آپ صحیح طرح اپنی ذمہ داری ادا نہیں کریں گے تو خدا تعالیٰ پوچھے گا۔ پس کوشش کریں اور اپنی اس ذمہ داری کو احسن رنگ میں پورا کرنے کی کوشش کریں۔ خدا تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق دے۔ آمین

حضور انور نے آخر پر فرمایا۔ پرنسپل صاحب نے بتایا ہے کہ حکومت نے مزید کمرے بنانے کے لئے 42 ہزار ڈالرز دیئے ہیں اور کہا کہ جماعت باقی خرچ پورا کرنے کے لئے خود بھی خرچ کرے۔ کل خرچ 62 ہزار ہے تو یہاں میں اعلان کرتا ہوں کہ بقایا جو بیس ہزار ڈالرز کی کمی ہے وہ ہم ادا کریں گے تا کہ بلاک بن جائے۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ طالبات اور خواتین مہمانوں کی طرف تشریف لے گئے جو ایک علیحدہ انتظام کے تحت ایک الگ جگہ بیٹھی تھیں۔

حضور انور نے طالبات سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ آپ نے میرا اعلان سنا ہے۔ آپ میں سے جو طالبہ سب سے زیادہ (Highest) نمبر لے گی اور سیکنڈری سکول کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد یونیورسٹی میں جائے گی اور مالی کمی کی وجہ سے یونیورسٹی میں داخلہ نہ لے سکے گی تو میں ہر ایسی بچی کو سکالرشپ مہیا کروں گا۔ تو اب ہر لڑکی محنت کرے اور یونیورسٹی میں داخلہ لے۔

مقامی جماعت کی احمدی خواتین اور بچیاں بھی اس جگہ پر موجود تھیں۔ بچیوں نے اپنے پیارے آقا کا استقبال کرتے ہوئے کورس کی شکل میں نغمات اور دعائیہ نظمیں پڑھیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے یہاں تشریف فرما رہے۔ اس کے بعد سکول کے اساتذہ نے حضور انور ایدہ اللہ کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف حاصل کیا۔ حضور انور نے اساتذہ سے ان کے مضامین اور کوالیفیکیشن کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

اس جزیرہ میں دوسرے جزائر کی نسبت زیادہ گرمی اور حبس ہوتا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اس علاقہ میں آمد کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ کے فضل سے موسلا دھار بارش ہوئی اور موسم بہت خوشگوار ہو گیا۔ الحمدللہ

بیت مبارک ولودا

اس کے بعد دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت مبارک ولودا (Voloca) میں تشریف لے جا کر ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔

بیت مبارک، جزیرہ Vanualevu میں جماعت کی تعمیر ہونے والی پہلی بیت ہے۔ اس بیت کی تعمیر 1965ء میں ہوئی۔ اس بیت کی زمین ایک مخلص احمدی مکرم حاجی رحیم بخش صاحب مرحوم نے جماعت کو عطیہ میں دی۔ بیت مبارک احمدیہ سیکنڈری سکول ولودا (Voloca) سے سڑک پار کچھ فاصلے پر واقع ہے اور بلند جگہ پر ہے۔ قریب سے مین روڈ گزرتی ہے اور سفر کرنے والوں کو دور سے نظر آتی ہے۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز صدر جماعت ولودا مکرم شمیم احمد صاحب کے گھر تشریف لے گئے اور یہاں دوپہر کا کھانا تناول فرمایا۔

ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق ولودا (Voloca) اور لباسہ (Labasa) کی جماعتوں کی فیملیز و انفرادی ملاقاتوں کا انتظام یہیں کیا گیا تھا۔ پونے چار بجے ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ دونوں جماعتوں سے تعلق رکھنے والی 31 فیملیز کے 121 افراد نے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ ملاقاتوں کا یہ پروگرام سوا پانچ بجے تک جاری رہا۔

احمدیہ قبرستان میں دعا

بیت مبارک کے قریب ہی احمدیہ قبرستان ہے جہاں جزائر فجی کے سابق مربی مکرم محمد افضل ظفر صاحب حال کینیا کی اہلیہ امۃ المتین ظفر صاحبہ اور تین بیٹیاں ناصرہ ظفر عمر 16 سال، سائرہ ظفر عمر 13 سال اور رابعہ بشریٰ ظفر عمر 12 سال مدفون ہیں اور ان کے ایک بیٹے عطاء المنعم عمر 7 سال کا کتبہ یادگار نصب ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ان سب کی قبروں پر دعا کے لئے تشریف لے گئے اور اپنے خدام کے ساتھ یہاں دعا کی۔ قبرستان میں بعض دیگر احمدی احباب کی قبریں بھی ہیں۔ بعض قبریں ایک لائن میں نہیں تھیں۔ حضور انور نے منتظمین کو ہدایت فرمائی کہ قبریں ایک لائن میں ہونی چاہئیں۔ آئندہ یہاں بلاک بنا دیں تا کہ قبریں سیدھی ہوں اور ایک لائن میں بنیں۔ قبرستان میں دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس Labasa کے لئے روانہ ہوئے۔

محمد افضل ظفر صاحب مربی سلسلہ کی اہلیہ، تین بیٹیاں اور ایک بیٹا 3 مئی 1999ء کو سمندر میں کشتی کے ایک حادثہ میں ڈوب گئے تھے۔ ان کی اہلیہ اور تین بیٹیوں کی نعشیں مل گئی تھیں لیکن بیٹے کی نعش نہیں ملی تھی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے ایک خطبہ جمعہ میں ان سب کو شہدائے احمدیت میں شمار فرمایا تھا۔

اسی جزیرہ Vanu Levu میں ہمارے ایک مربی مکرم حافظ عبدالحفیظ صاحب 15 /اگست 1981ء کو ایک جماعتی سفر پر جاتے ہوئے کار کے حادثہ میں شہید ہو گئے تھے۔ آپ کی میت کو پاکستان لے جایا گیا تھا اور تدفین ربوہ میں عمل میں آئی تھی۔

ولودا سے ساڑھے پانچ بجے روانہ ہو کر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ساڑھے چھ بجے لباسہ میں اپنے ہوٹل میں پہنچے۔

آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت ناصر لباسہ میں تشریف لا کر مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد ایک احمدی دوست نے جو حضور انور سے ابھی تک کسی وجہ سے ملاقات نہیں کر سکے تھے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ حضور انور نے ازراہ شفقت ان سے گفتگو فرمائی۔

حضور انور نے احباب سے بیت کے رقبہ اور بیت میں نماز پڑھ سکنے والوں کی تعداد کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ حضور انور نے فرمایا اس بیت کو بھریں اور آباد کریں۔ ہر سال دو سو احمدی بنائیں تا کہ یہ بیت جلد چھوٹی ہو جائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ ازراہ شفقت بیت سے ملحقہ مشن ہاؤس میں مقیم مربی سلسلہ طارق احمد رشید صاحب کے گھر کچھ دیر کے لئے تشریف لے گئے۔

بعد ازاں یہاں سے واپسی سے قبل مجلس عاملہ لباسہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ گروپ فوٹو بنوانے کی سعادت پائی۔ اس کے بعد حضور انور یہاں سے روانہ ہو کر آٹھ بجکر چالیس منٹ پر ہوٹل Grand Eastern تشریف لے آئے۔

Vanua میں احمدیت

ملک فجی کے اس جزیرہ Vanua Levu میں

باقی صفحہ 6 پر

محمد اشرف کاہلوں صاحب

غیر ممکن کو یہ ممکن میں بدل دیتی ہے　　اے میرے فلسفیو! زور دعا دیکھو تو

دعا کی تاثیر اور قبولیت کے طریق

حضرت مسیح موعود تحریر فرماتے ہیں:۔

’’غرض دعا اور تدبیر انسانی طبیعت کے دو طبعی تقاضے ہیں کہ جو قدیم سے اور جب سے کہ انسان پیدا ہوا ہے دو حقیقی بھائیوں کی طرح انسانی فطرت کے خادم چلے آئے ہیں اور تدبیر دعا کے لئے بطور نتیجۂ ضروریہ کے اور دعا تدبیر کے لئے بطور محرک اور جاذب کے ہے اور انسان کی سعادت اسی میں ہے کہ وہ تدبیر کرنے سے پہلے دعا کے ساتھ مبدءِ فیض سے مدد طلب کرے تا اس چشمۂ لازوال سے روشنی پا کر عمدہ تدبیریں میسر آسکیں‘‘۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 231)

تدبیر اور دعا میں باہمی رشتہ لازم وملزوم کا ہے اور تدبیر کے پیدا ہونے سے پہلا مرتبہ دعا کا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’دعا کرنے سے کیا مطلب ہوتا ہے؟...... کہ وہ عالم الغیب جس کو دقیق در دقیق تدبیریں معلوم ہیں کوئی احسن تدبیر دل میں ڈالے یا بوجہ خالقیت اور قدرت اپنی طرف سے پیدا کرے۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 231)

فرماتے ہیں ’’ہمارا سوچنا ہمارا فکر کرنا اور ہمارا طلب امر مخفی کے لئے خیال کو دوڑانا یہ سب امور دعا ہی میں داخل ہیں‘‘۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 230)

ان امور دعا میں فرق صرف یہ ہے کہ ایک میں دعا کا رنگ عارفانہ ہوتا ہے کیونکہ وہ آداب معرفت سے رشتہ اور تعلق رکھتی ہے جبکہ دوسری قسم کی دعا محجوبانہ انداز میں ہوتی ہے جو بصیرت اور معرفت سے تہی دست ہوتی ہے۔ آداب معرفت دعا کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ انسان اپنی عقدہ کشائی کے لئے خدا تعالیٰ کے مقرب بندوں کی جانب رجوع کرے۔ اس لئے کہ اس خالق ارض وسماء کا ارشاد ہے اور اللہ متقیوں کا دوست ہوتا ہے۔　　(جاثیہ: آئت: 20)

اللہ تعالیٰ کے یہ مقرب بندے جو مامور من اللہ ہیں اور ان کے ظل اور سایۂ ظلیت میں قدم رکھنے اور اٹھانے والے دیگر وجود ہیں۔ خدا تعالیٰ ان کی دعاؤں کو شرف قبولیت بخش کر اپنی نصرت وتائید کا تاج ان کے سروں پر رکھتا ہے تا کہ لوگ جان لیں کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں عزت وشرف کا مقام رکھتے ہیں۔

قدرت ثانیہ کا بابرکت وجود ہمارے لئے سرمایۂ افتخار ہے۔ فی زمانہ قدرت حق نے اپنی برکات کو اس سے ظاہر کرنا چاہا ہے۔ دعا کی برکات کے حصول کا یہ ایک بہت بڑا اور بنیادی وسیلہ ہمارے پاس ہے۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس شجرہ طیبہ سے پیوستہ ہیں اور شیریں ثمرات سے فیض یاب ہوتے ہیں۔

اس شجرہ سایۂ دار تک جو تھکا ماندہ مسافر پہنچا۔ اسے تسکین کے سامان میسر آئے۔ یہ دعویٰ بلا دلیل نہیں بلکہ ایک بدیہی اور روشن ثبوت ہے۔ ہزارہا مثالیں تاریخ کے اوراق پر ثبت ہیں۔ اسی سلسلہ میں ایک ایمان افروز اور روح پرور واقعہ ملاحظہ ہو۔ مکرم محمد شفیع صاحب بیان کرتے ہیں:۔

’’کچھ عرصہ ہوا میرے ایک رشتہ دار مولوی عبدالرحمٰن صاحب سکول ماسٹر موضع لامیوالا وڑائچ ضلع گوجرانوالہ کو ڈسٹرکٹ بورڈ کی طرف سے حکم ملا کہ آپ کو فلاں تاریخ سے ریٹائر کیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ہی ایک مدرس چارج لینے کے واسطے بھیج دیا گیا۔ اس پر مولوی صاحب کو بڑا فکر ہوا کہ اب گھر کا گزارہ کیسے چلے گا۔ کیونکہ میرا لڑکا بھی بے روزگار ہے۔ اسی فکر میں وہ قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں دعا کے لئے گئے اور وہاں تین روز تک ٹھہرے۔ مگر حضور سے ملاقات نہ ہوسکی۔ اس سے وہ اور بھی گھبرائے مگر دفعتاً انہیں خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ تو جانتا ہی ہے کہ میں کس مقصد کے لئے اس کے مقرر کردہ خلیفہ کے دربار میں حاضر ہوا ہوں۔ اس پر مولوی صاحب نے چٹھی لکھ کر بکس میں ڈال دی اور واپس گھر آ گئے۔ رات کو خواب میں دیکھا کہ حضور پُرنور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایک کرسی پر رونق افروز ہیں۔ سامنے ایک میز پر کتاب ہے۔ حضور اس کتاب کے ورق کبھی ایک طرف کو الٹتے ہیں کبھی دوسری طرف کو اور مولوی صاحب سے فرمایا آپ کیا چاہتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا۔ حضور! میں نوکری سے علیحدہ کیا جا رہا ہوں۔ ان دنوں میرا لڑکا بھی بے روزگار ہے۔ گھر کا گزارہ کیسے چلے گا۔ اس پر حضور نے فرمایا جبکہ اب حکام فیصلہ کر چکے ہیں۔ اب کیا ہوسکتا ہے۔ عرض کیا حضور میں آپ کے پاس اسی لئے آیا ہوں۔ آپ کوئی تجویز بتائیں اور دعا بھی کریں۔ حضور نے فرمایا اچھا جاؤ۔ لاہور ایک درخواست بھیج دو۔ آپ بحال رہیں گے۔

صبح اٹھ کر مولوی صاحب نے اس مدرس سے جو چارج لینے کے واسطے آیا ہوا تھا کہا کہ میں بحال رہوں گا اور دفتر میں بھی جا کر اسی طرح کہا۔ اس پر وہ سب کہنے لگے کہ مولوی صاحب آپ کیا کہہ رہے ہیں جبکہ فیصلہ ہوچکا ہے تو اب بحال کیسے رہ سکتے ہیں۔ بعض نے تو یہاں تک کہا کہ مولوی صاحب کے دماغ میں خلل ہوگیا ہے۔ خیر مولوی صاحب نے ایک درخواست حسب الحکم حضور لاہور بھیجی۔ وہاں سے حکم آ گیا کہ 55 سال کی عمر سے کم کے مدرس ریٹائر نہ کئے جائیں۔ اس طرح مولوی صاحب کے 6 یا 7 سال اور بڑھ گئے۔ مولوی صاحب اس کے بعد ریٹائر ہوئے اور خدا کے فضل سے ان کا لڑکا بھی برسرروزگار ہوگیا۔

مولوی صاحب کے بحال ہونے کے ساتھ ضلع میں اور کئی مدرسوں کو بھی فائدہ پہنچ گیا۔ اس واقعہ کے گواہ ہندو، سکھ اور غیراز جماعت موجود ہیں۔

(الفضل 29 جنوری 1942ء)

مولا کریم اپنے پیاروں کی دعاؤں کو سنتا اور انہیں شرف قبولیت کا اعزاز بخشتا ہے تا دنیا پر ظاہر کرے کہ جس آسمانی مرد میدان کے یہ پیروکار ہیں وہ خدا تعالیٰ کا تائید یافتہ اور مقرب ہے۔ حضرت ماسٹر عبدالرحمٰن صاحب (مہر سنگھ) کا واقعہ قبولیت دعا اس دعویٰ کا بین ثبوت ہے۔ ’’حکیم مولوی محمد اسماعیل صاحب واقف زندگی نے حضرت ماسٹر صاحب سے کہا کہ میں مولوی فاضل کی تیاری پوری طرح نہیں کرسکا اور جامعہ احمدیہ کے پرنسپل صاحب نے میرا داخلہ جامعہ کی طرف سے نہیں بھیجا کیونکہ فیل ہوجانے سے جامعہ کا نتیجہ خراب نظر آئے گا۔ آپ استخارہ کریں تا خواہ نخواہ داخلہ ضائع نہ ہو۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے دعا کی۔ ایک رات میں نے تکیہ پر ابھی سر نہیں رکھا تھا کہ مجھے الہام ہوا کہ اور کوئی پاس ہو یا نہ ہو مگر محمد اسماعیل ضرور پاس ہوجائیں گے۔ چنانچہ انہوں نے داخلہ بھیج دیا۔ لیکن ان کے پرچے اچھے نہیں ہوئے اور وہ بددل ہوکر کام کاج کے سلسلہ میں قادیان سے باہر چلے گئے۔ نتیجہ یونیورسٹی سے آیا جو کئی مقامات سے چکر کھاتا ہوا انہیں ملا اور وہ اپنی کامیابی پر حیران ہوئے‘‘۔

(رفقاء احمد جلد 7 ص 115)

ملک عبدالرحمٰن صاحب بیان کرتے ہیں کہ ’’1929ء میں میرے ہیڈ کلرک ہونے پر سپیشل رپورٹ ہونی تھی۔ میں نے حضرت مولوی شیر علی صاحب کی خدمت میں دعا کے لئے لکھا۔ اس کے بعد جب میں قادیان جلسے پر پہنچا تو حضرت مولوی صاحب نے مجھے دیکھتے ہی فرمایا کہ میں نے آپ کے لئے بہت دعا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ بہت کامیاب کرے گا۔ چنانچہ ہر قسم کے ناموافق حالات کے باوجود اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے کامیابی عطا فرمائی‘‘۔

(نجم الہدیٰ۔ سوانح حضرت مولانا شیر علی صاحب ص 254,253)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

کامل پاکیزگی حاصل کرنے کے طریقوں میں سے ایک طریقہ ’’صحبت کاملین اور صالحین‘‘ ہے۔ کیونکہ ایک چراغ کے ذریعہ سے دوسرا چراغ روشن ہوسکتا ہے۔

(لیکچر سیالکوٹ۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 234)

خدا رسیدہ بندوں سے تعلق قائم کرنا باعث برکت ہوتا ہے۔ دعاؤں کی درخواست کرتے ہوئے اس روحانی تعلق کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ فی الوقت قدرت ثانیہ کا مظہر ہی حق اول رکھتا ہے اور ہم پر فرض واجب بھی ہے کہ دعاؤں کے سلسلہ میں اسی کی طرف ہمارا رخ ہو۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ ’’دعا نہایت نازک امر ہے اور اس کے لئے شرط ہے کہ مستدعی اور داعی میں ایسا مستحکم رابطہ ہوجائے کہ ایک کا درد دوسرے کا درد ہوجائے اور ایک کی خوشی دوسرے کی خوشی ہوجائے۔ جس طرح شیرخوار بچہ کا رونا ماں کو بے اختیار کردیتا ہے اور اس کی چھاتیوں میں دودھ اتار دیتا ہے۔ ویسے ہی مستدعی کی حالت زار اور استغاثہ پر داعی سراسر رقت اور عقد ہمت بن جاتے ......‘‘۔

(ملفوظات جلد اول ص 215)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’جس گھر میں ہمیشہ دعا ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ اسے برباد نہیں کیا کرتا‘‘۔ (ملفوظات جلد 3 ص 232)

☆......☆......☆......☆

(بقیہ صفحہ 5)

جماعت کا قیام 62-1961ء میں ہوا۔ جب صوواسے ایک مخلص احمدی دوست مکرم محمد حکیم صاحب (پولیس کانسٹیبل) اس جزیرہ میں اپنے تبادلہ کے بعد یہاں پہنچے۔ آپ ایک پُرجوش، دعوت الی اللہ کا جذبہ رکھنے والے احمدی تھے۔ آپ کی دینی کوششوں سے جلد ہی یہاں جماعت قائم ہوگئی۔

1970ء میں لباسہ شہر کے علاقہ Tuatua میں بیت کی تعمیر کے لئے زمین حاصل کی گئی۔ 1972ء میں اس بیت کا سنگ بنیاد رکھا گیا اور 1973ء میں بیت ناصر کی تعمیر اپنی تکمیل کو پہنچی۔ 1974ء میں مولانا غلام احمد فرخ صاحب امیر ومربی انچارج فجی نے اس کا افتتاح فرمایا۔

اس بیت کا رقبہ 1.3 ایکڑ ہے۔ بیت کے ساتھ مشن ہاؤس بھی ہے اور گیسٹ ہاؤس بھی ہے۔ جماعتی تقریبات اور فنکشن کے لئے ایک بڑا کچن اور سٹور بھی علیحدہ تعمیر کیا گیا ہے۔

یہ بیت لباسہ شہر کو جانے والی مین روڈ کے اوپر ہے اور ہر آنے جانے والے کو نظر آتی ہے۔

قرآن شریف عزت عطا کرتا ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

میں تم کو قرآن شریف سناتا ہوں۔ مدعا اس سے میرا یہ ہوتا ہے کہ تم اس پر عمل کرو۔ اور عمل کرکے اس سے نفع اٹھاؤ۔ قرآن کریم پر عمل کرنے سے انسان کے آٹھ پہر خوشی سے گزرتے ہیں۔ قرآن شریف پر عمل کرنے سے انسان کو خوشی وعزت اور کم از کم بندوں کی اتباع اور محتاجی سے نجات ملتی ہے ...... اگر تم قرآن شریف پر توجہ رکھو تو تم گمراہ کرنے والوں کی کوششوں سے محفوظ رہ سکتے ہو ...... بھلائی اور برائی سمجھنے کا ایک ہی ذریعہ ہے۔ قرآن شریف!

(حقائق الفرقان جلد 2 ص 57)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 58171 میں راشدہ محمود

زوجہ محمود احمد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نواب شاہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 06-3-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر بذمہ خاوند -/10000 روپے۔2۔طلائی زیور اڑھائی تولہ مالیتی اندازاً -/30000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ راشدہ محمود گواہ شد نمبر 1 عبدالخالق ناصر وصیت نمبر 33408 گواہ شد نمبر 2 بشارت احمد ولد مولیٰ بخش مرحوم

مسل نمبر 58172 میں قرۃ العین

بنت محمود احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نواب شاہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 06-3-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ قرۃ العین گواہ شد نمبر 1 عبدالخالق ناصر وصیت نمبر 33408 گواہ شد نمبر 2 بشارت احمد ولد مولیٰ بخش مرحوم

مسل نمبر 58173 میں محمودہ بیگم

بیوہ منور احمد مرحوم قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کامورا کالونی نواب شاہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 06-0-3-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔1۔حق مہر ادا شدہ -/2500 روپے۔2۔طلائی زیور ایک تولہ مالیتی -/12000 روپے۔3۔ رہائشی مکان نواب شاہ کا 1/2 حصہ بقیہ نصف حصہ ترکہ خاوند ہے اس کا شرعی حصہ ابھی مکان قابل تقسیم ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ محمودہ بیگم گواہ شد نمبر 1 عبدالخالق ناصر وصیت نمبر 33408 گواہ شد نمبر 2 حبیب احمد وصیت نمبر 23881

مسل نمبر 58174 میں رضوانہ مختیار

زوجہ محمد اقبال قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کامورا کالونی نواب شاہ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 06-3-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔۔حق مہر بصورت زیور وصول شدہ زیور مالیتی -/60000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ رضوانہ مختیار گواہ شد نمبر 1 عبدالخالق ناصر وصیت نمبر 33408 گواہ شد نمبر 2 حبیب احمد وصیت نمبر 23881

مسل نمبر 58175 میں وحیدہ عنبر

